سوال

پہلی طلاق کے متعلق کیا حکم ہے

جواب

ایک طلاق کے بعد رجوع کا وقت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کسی نے پہلی طلاق دے دی ہواور ایک ماہ تک رجوع نہ کرے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر کسی نے اپنی بیوی کو صرف ایک ہی طلاق دی ہو تو عدت کے اندر اندر وہ آدمی اپنی بیوی سے رجوع کر سکتا ہے۔ اور عدت کی مدت تین حیض یا تین طہر ہو، جو عموما تین ماہ کے لگ بھگ ہوتی ہے۔ اگر ایک ماہ گزر جائے تو بھی رجوع کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر عدت کی مدت گزر جائے تو پھر رجوع نہیں ہو سکتا بلکہ نکاح جدید کرنا پڑے گا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی